A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

111

Roll No. 　　　　　　　　Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________　　　　Sig. of Invigilator: ____________

# اُردو (لازمی)　ایچ ایس ایس سی-I
## (برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)　　　　　　　　وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ۱:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے

(i) اصطلاح میں خاص اہل زبان کے روزمرہ بول چال یا اسلوب بیان کا نام ہے:

الف۔ محاورہ　　ب۔ ضرب المثل
ج۔ مقولہ　　د۔ روزمرہ

(ii) پرکاش کی تعلیم تھی:

الف۔ میٹرک　　ب۔ ایف اے
ج۔ بی اے　　د۔ مڈل

(iii) زبان کورو کو انڈے بچے پالنے کا مجھی پر نہیں:

الف۔ ٹھیکا　　ب۔ بوجھ
ج۔ ذمہ داری　　د۔ وزن

(iv) یہ بیرسٹر صاحب اچھے آدمی سہی مگر ان کی صحبت سے ہمارا تو ہو گیا:

الف۔ نقصان　　ب۔ ستیاناس
ج۔ تباہ　　د۔ کباڑہ

(v) ہماری روزمرہ زندگی میں خلاصہ نویسی یا تلخیص کو بڑی ________ حاصل ہے۔

الف۔ قدر　　ب۔ اہمیت
ج۔ منزلت　　د۔ خاص

(vi) خلاصے کی طوالت اصل عبارت سے ہوتی ہے:

الف۔ زیادہ　　ب۔ کم
ج۔ معمولی　　د۔ غیر معمولی

(vii) منظور کو اپنے وارڈ کے ہر مریض سے تھی:

الف۔ دلچسپی　　ب۔ محبت
ج۔ نفرت　　د۔ بیزاری

(viii) منظور کے مصنف ہیں:

الف۔ سعادت حسن منٹو　　ب۔ پطرس
ج۔ حاجرہ مسرور　　د۔ حمید عسکری

(ix) جابر کے زمانے میں کیمیا کی ساری ________ مہوسی تک محدود تھی۔

الف۔ کائنات　　ب۔ دنیا
ج۔ ملک　　د۔ زمین

(x) آلات کیمیا میں "قرع انبیق" جابر کی خاص اور قابل قدر ہے:

الف۔ ایجاد　　ب۔ تحریر
ج۔ کتاب　　د۔ افسانہ

Result.pk

(xi) جابر کب یتیم ہو گیا تھا؟

الف۔ بچپن     ب۔ شیر خوارگی

ج۔ لڑکپن     د۔ جوانی

(xii) اسلام میں شراب اور تمام نشہ آور اشیا کے استعمال کو کیا قرار دیا ہے؟

الف۔ حرام     ب۔ جائز

ج۔ حلال     د۔ مکروہ

(xiii) پاکستان اس علاقے کی آبادی کا صرف دس فیصد ہونے کے باوجود سگریٹ نوشی میں کتنے فیصد حصہ بٹانے والا ملک ہے؟

الف۔ 40فیصد     ب۔ 32فیصد

ج۔ 36فیصد     د۔ 50فیصد

(xiv) شراب کی اس __________ کے باعث ہمارے نبی ﷺ نے اسے ام الخبائث کا نام دیا ہے۔

الف۔ مضرت     ب۔ نقصان

ج۔ تباہی     د۔ بربادی

(xv) سب مہمان چائے پینے اور __________ چکھنے لگے۔

الف۔ بسکٹ     ب۔ مٹھائی

ج۔ سموسے     د۔ نمک پارے

(xvi) بہت سن لیں تمہاری باتیں میرا دماغ نہ:

الف۔ کھاؤ     ب۔ پیو

ج۔ چاٹو     د۔ دُکھاؤ

(xvii) نہ تو راجا صاحب سے بیگم خواجہ اور نہ خواجہ صاحب سے بیگم راجا کرتی تھیں:

الف۔ پردہ     ب۔ نقاب

ج۔ حجاب     د۔ سکارف

(xviii) راجا صاحب اور خواجہ صاحب کے گھر تھے:

الف۔ متصل     ب۔ دور

ج۔ قریب     د۔ درمیان

(xix) جناب مولانا گرامی آپ کہاں ہیں حیدر آباد میں یا __________ میں۔

الف۔ عدم آباد     ب۔ آلہ آباد

ج۔ گجرات     د۔ ایبٹ آباد

(xx) ہر شاعر اپنے لئے کوئی شاعرانہ نام رکھتا ہے جسے وہ عموماً __________ میں استعمال کرتا ہے۔

الف۔ مطلع     ب۔ مقطع

ج۔ ردیف     د۔ قافیہ

---

برائے ممتحن :     کُل نمبر: 20     حاصل کردہ نمبر: ______

Result.pk

1/2

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

## (برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت : 2:35 گھنٹے

کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

**نوٹ:** حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

---

## حصہ دوم (کُل نمبر 48)

**سوال نمبر۲:** مندرجہ ذیل میں سے بارہ (12) سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات تحریر کیجیے: (12 x 4 = 48)

(i) پرکاش کی نیت کس بات پر خراب ہوئی؟

(ii) منظور نے اختر سے کس بات پر دوستی کر لی؟

(iii) تجربے کی کیا اہمیت ہے؟

(iv) چڑے نے انسان سے متعلق کیا بات کہی؟

(v) منشیات سے متعلق اسلام کا نقطہ نظر کیا ہے؟

(vi) جھگڑے کا آغاز عموماً کس بیگم کی طرف سے ہوتا تھا؟

(vii) تعزیت نامہ سے کیا مراد ہے؟

(viii) ڈائری لکھنے کے فوائد لکھیے؟

(ix) اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے سے کیا حاصل ہوتا ہے؟

(x) دوئی سے کیا مراد ہے؟

(xi) نظم حمد میں اللہ تعالیٰ کی چند صفات بیان کی گئی ہیں اِن کا مفہوم بیان کریں؟

(xii) مالکن جب سینی ٹوریم میں داخل تھیں تو اِن کا دھیان ہر وقت گھر کی طرف کیوں لگا رہتا تھا؟

(xiii) ادبی اصطلاحات میں مقطع پر نوٹ لکھیے؟

(xiv) زندگی سے متعلق منظور کا نظریہ کیا تھا؟

(xv) بیگم راجا اور بیگم خواجہ کا جھگڑا کس وجہ سے شروع ہوتا تھا؟

(xvi) منشیات سے بچنے کے لیے کیا اقدامات ضروری ہیں؟

Result.pk

## حصہ سوم (کُل نمبر 32)

**سوال نمبر۳:** سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1 +1 + 4 = 6)

الف۔ دھوپ نکل آئی تھی۔ پرکاش ابھی سو رہا تھا کہ چمپا نے اسے جگا کر کہا "بڑا غضب ہو گیا رات کو ٹھاکر صاحب کے گھر چوری ہو گئی چور زیوروں کا ڈبہ اٹھا کر لے گئے جس میں شادی کے زیورر کھے تھے۔ نہ جانے کیسے چابی اُڑا لی اور کیسے انہیں معلوم ہوا کہ اس صندوق میں ڈبہ رکھا ہے۔ تم جا کر انہیں تسلی دو۔ ٹھکرائن بے چاری رو رہی تھی۔" "پرکاش جھٹ پٹ اُٹھا اور گھبرایا سا جا کر ٹھکرائن سے بولا۔ "یہ تو بڑا غضب ہوا ماتا جی! مجھے تو ابھی چمپا نے بتلایا۔"

ب۔ اس کی عمر 32 برس کے قریب تھی ان برسوں میں اس نے کوئی راحت نہیں دیکھی تھی جو اس وقت اسے یاد آتی اور اس کی صعوبت میں اضافہ کرتی اس کے ماں باپ اس کو بچپن میں ہی داغ مفارقت دے گئے تھے معلوم نہیں اس کی تربیت کس خاص شخص نے کی تھی بس وہ ایسے ہی اِدھر اُدھر کی ٹھوکریں کھاتا اس عمر تک پہنچ گیا تھا اور ایک کارخانے میں ملازم ہو کر پچیس روپے ماہوار پر انتہا درجے کی افلاس زدہ زندگی گزار رہا تھا۔

**سوال نمبر۴:** کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی لکھیے: (1 + 1 + 5 = 7)

الف۔
خالق بھی کارساز بھی، پروردگار بھی
وہ جس کی ذات پردہ کشا، پردہ دار بھی

ب۔
دِل جس سے زندہ ہے وہ تمنا تم ہی تو ہو
ہم جس میں بس رہے ہیں وہ تمنا تم ہی تو ہو

**سوال نمبر۵:** کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے: (2 + 2 = 4)

(i) ادبی اصطلاحات میں مطلع پر نوٹ لکھیے۔

(ii) واحد لکھیے: وسائل ، آیام

(iii) کون سا جذبہ دونوں بیگمات میں صلح کا ذریعہ بن گیا؟

**سوال نمبر۶:** کسی ایک عنوان پر کہانی لکھیں: (5)

الف۔ پیاسا کوا

ب۔ اتفاق میں برکت ہے

**سوال نمبر۷:** رقم منگوانے کے لیے والد کے نام خط لکھیں۔ (5)

**سوال نمبر۸:** ہاسٹل میں داخلے کی درخواست لکھیے۔ (5)